سوال

(270) کیا زخم پر دوائی لگانے سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

میرے پاؤں پر ریڑھے کا پہیہ چڑھ گیا تھا۔ میں نے روزے کی حالت میں زخم پر ٹنکچر لگایا۔ قریبی مولوی صاحب نے کہا کہ کوئی حرج نہیں۔ سنا ہے کہ روزے کی حالت میں ٹیکہ بھی نہیں لگوانا چاہیے۔ اس لیے دل میں وسوسہ پیدا ہوا کہ اس سے روزہ برقرار رہا یا نہیں؟ آپ کتاب و سنت کی روشنی میں رہنمائی فرمائیں۔ (سائل) (۱۰ مئی ۲۰۰۲ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

آپ کا روزہ درست ہے، دوبارہ رکھنے کی ضرورت نہیں۔ سعودی عرب کے شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ کا خیال ہے روزے کی حالت میں صرف غذائی ٹیکہ منع ہے جب کہ دوسرا جائز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 257

محدث فتویٰ